سوال

(1052)خرید کے وقت کچھ ادھار کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاآدمی سوناخریدتا ہے،اوراس کے ذمے کچھ رقم باقی رہ جاتی ہے،اوروہ کہتا ہے،جب آسانی ہوئی تودے جاؤں گا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ جائزنہیں ہے۔جس قدرسونے کی اس نے قیمت اداکردی وہ صحیح ہے اورباقی جس کی قیمت ادانہیں کی وہ باطل ہوگی۔نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا سونے چاندی کے بارے میں فرمان ہے: ’’جیسے چاہوبیچ لوجب ہاتھوں ہاتھوں نقدہو۔‘‘(صحیح بخاری،کتاب البیوع،باب بیع الذھب بالذھب،حدیث:2175،وصحیح مسلم،کتاب المساقاۃ،باب الصرف وبیع الذھب بالورق نقدا،حدیث:1590۔سنن النسائی(4578)۔مسنداحمدبن حنبل:320/5،حدیث:22779۔)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 737

محدث فتویٰ